

غزہ کو ملبہ ہٹانے کے لیے بھاری مشینری کی فوری ضرورت، امداد بلا رکاوٹ پہنچائی جائے: اقوام متحدہ ص:02


ISSN 2977-3555

روزنامہ
# صحافت
برمنگھم

باخبر، باأثر حقیقتوں کا پیام بر

www.sahafat.in/uk

Birmingham Edition U.K.

**Published from Birmingham (U.K.), India-Delhi, Mumbai, Lucknow, Dehradun**

Volume No.03, Issue No.190, Saturday 17 January, 2026, 8 Pages

جلد نمبر (۳)، شمارہ نمبر (۱۹۰)، بروز ہفتہ، ۱۷ جنوری، ۲۰۲۶ء، ۲۷ رجب المرجب ۱۴۴۷، ۸ صفحات


# سلامتی کونسل میں ہنگامہ، ایران پر دباؤ کے خلاف عالمی طاقتیں امریکہ پر برس پڑیں

## امریکہ فوری طور پر ایران کے خلاف طاقت کے استعمال کی کوشش ترک کرے: چینی مندوب — ایران میں موجودہ صورتحال کو جان بوجھ کر ہوا دے رہی ہیں: روسی مندوب





نیویارک، (ایجنسی): اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس میں روس اور چین نے امریکہ پر سخت تنقید کرتے ہوئے ایران کے معاملے میں طاقت کے استعمال کی مخالفت کی ہے۔ سلامتی کونسل سے خطاب کرتے ہوئے روسی مندوب نے اجلاس کو 'سرکس' قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ اجلاس عالمی امن کیلئے ہونا چاہیے تھا نہ کہ ایران کے اندرونی معاملات میں مداخلت کیلئے۔ ان کا کہنا تھا کہ بیرونی قوتیں ایران میں موجودہ صورتحال کو جان بوجھ کر ہوا دے رہی ہیں۔ روسی مندوب نے کہا کہ ایران نے واضح کر دیا ہے کہ وہ کسی کشیدگی یا تصادم کا خواہاں نہیں تاہم کسی بھی جارحیت کی صورت میں بھرپور جواب دیا جائیگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایرانی حکومت کیلئے شہریوں اور املاک کا تحفظ اولین ترجیح ہے جبکہ امریکی بیانات جن میں ایرانی عوام کو اداروں پر قبضے کی ترغیب دی گئی، کسی بھی ملک کی خودمختاری کے خلاف ہیں۔ روس کے مطابق ایرانی سپریم لیڈر اور حکومت کی حمایت میں عوام کی بڑی تعداد سڑکوں پر نکلی ہے اور امریکی کارروائی کی صورت میں پورا خطہ مزید بحران کا شکار ہوسکتا ہے۔ روس نے مسائل کے پرامن حل کیلئے تعاون کی پیشکش بھی کی۔ وہیں چینی مندوب نے سلامتی کونسل میں کہا کہ امریکہ فوری طور پر ایران کے خلاف طاقت کے استعمال کی کوشش ترک کرے۔ انہوں نے کہا کہ چین دنیا کو 'جنگل کے قانون' کی طرف دھکیلنے کے خلاف ہے اور کسی بھی ملک کی سالمیت کیخلاف طاقت کے استعمال کی مخالفت کرتا ہے۔ چینی مندوب نے زور دیا کہ ایران ایک خودمختار ملک ہے اور ایرانی عوام کو اپنے فیصلے خود کرنے کا حق حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کو ایران کو درپیش مسائل کے حل میں مدد کرنی چاہیے اور تمام اقدامات اقوام متحدہ کے چارٹر اور عالمی قوانین کے مطابق ہونے چاہئیں۔ ادھر چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلی فونک گفتگو بھی کی، جس میں انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ ایرانی حکومت اور عوام متحد رہیں گے اور موجودہ مشکلات پر قابو پالیں گے۔

## کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا، ایران کا سلامتی کونسل میں دوٹوک پیغام



نیویارک: اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ایران کے مندوب نے امریکا اور اسرائیل پر سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ ایران کے خلاف کسی بھی قسم کی فوجی یا سیاسی جارحیت کا بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا، جبکہ پابندیوں اور نام نہاد انسانی حقوق کے نعروں کو عالمی قوانین کی کھلی خلاف ورزی قرار دیا گیا۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے خطاب کرتے ہوئے ایران کے مستقل مندوب غلام حسین درزی نے کہا ہے کہ امریکہ کا ایران کی داخلی صورتحال پر اجلاس بلانا شرمناک اور سیاسی منافقت کا عکاس ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ نام نہاد انسانی حقوق کی تنظیمیں درحقیقت اسرائیلی ایجنڈے کو آگے بڑھا رہی ہیں اور برسوں سے ایران پر عائد پابندیاں براہِ راست عام شہریوں کو متاثر کر رہی ہیں۔ ایرانی مندوب کا کہنا تھا کہ ایران میں مظاہرین پر داعش کے طرز پر حملے کیے گئے، جن سے نمٹنے کے لیے ایرانی سیکیورٹی گارڈز نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر شہریوں کی حفاظت یقینی بنائی۔ انہوں نے واضح کیا کہ امریکی حکومت مظاہرین کو بغاوت پر اکسا رہی ہے، جو ایران کی خودمختاری میں مداخلت کے مترادف ہے۔ خطاب میں ایرانی مندوب نے دوٹوک انداز میں کہا کہ ایران پر کسی بھی قسم کی جارحیت عالمی قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی کھلی خلاف ورزی ہوگی، اور ایران کے خلاف کسی فوجی آپریشن کا کوئی جواز پیش نہیں کیا جاسکتا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ معاملہ نہ صرف ایران بلکہ اقوام متحدہ کی ساکھ اور عالمی نظام کے لیے بھی ایک کڑا امتحان ہے۔ ایرانی مندوب غلام حسین درزی نے زور دے کر کہا کہ ایران کی حکومت پرامن مظاہرین کے حقوق کا احترام کرتی ہے، تاہم کسی بھی بیرونی جارحیت یا سازش کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔

## ٹرمپ کا جوش ٹھنڈا پڑ گیا، ایران کے خلاف مغرب کی ایک اور 'سازش' ناکام



ایران میں حکومت مخالف مظاہرے کے جواب میں سپریم لیڈر اور ایران کی موجودہ انتظامیہ کی حمایت میں بڑے پیمانے پر ایرانی عوام کے سڑک پر اترنے کے بعد امریکہ کی جانب سے اسلامی جمہوریہ کے خلاف فوجی آپشن کا جوش و خروش ٹھنڈا پڑ گیا ہے۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے حالیہ بیانات سے صاف ظاہر ہو رہا ہے کہ ایران کے خلاف مغربی ممالک کی ایک اور سازش ناکام ہوگئی ہے۔ جبکہ پہلے ٹرمپ تیز اور فیصلہ کن حملے کے حق میں پُرجوش تھے۔ وہیں علاقائی ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ گزشتہ دنوں میں ایک بھرپور سفارتی کوشش نے ایران اور امریکہ کے درمیان کشیدگی کم کرنے میں مدد دی، خاص طور پر اس خدشے کے پیش نظر کہ جلد ہی امریکہ ممکنہ فوجی کارروائی کر سکتا ہے۔ مشرق وسطیٰ کے 5 حکومتی ذرائع نے بتایا کہ براہِ راست اور بالواسطہ واشنگٹن۔تہران رابطے صورتحال کو پرسکون کرنے میں مددگار ثابت ہوئے، جب خطہ کسی خطرناک تصادم کے قریب تھا۔ ذرائع نے مزید دعویٰ کیا کہ متعدد ممالک نے امریکی انتظامیہ پر دباؤ ڈالا کہ وہ تحمل سے کام لے کیونکہ ایران پر کسی بھی حملے سے پڑوسی ممالک کو براہِ راست نقصان اور عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں اضافے کا خطرہ ہے۔ ایک عرب عہدے دار نے بتایا کہ اس وقت کشیدگی کم کر دی گئی ہے اور واشنگٹن تہران کے ساتھ مذاکرات کے لیے وقت دے گا۔ روس اور سلطنت عمان جیسے ثالث ممکنہ طور پر ان رابطوں میں مدد کر رہے ہیں، اور یہ چینل آئندہ دنوں میں مزید وسیع مذاکرات میں تبدیل ہو سکتے ہیں۔

## نیتن یاہو نے ٹرمپ سے ایران پر حملہ مؤخر کرنے کی درخواست کی: امریکی اخبار

تل ابیب، (ایجنسی) امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کے مطابق اسرائیل کے وزیرِ اعظم بنیامین نیتن یاہو نے امریکی



صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ایران پر ممکنہ امریکی فوجی حملہ مؤخر کرنے کی درخواست کی تھی۔ رپورٹ کے مطابق نیتن یاہو نے بدھ کے روز صدر ٹرمپ سے بات کی، اسی روز امریکی صدر نے یہ بیان دیا کہ انہیں 'دوسری جانب سے انتہائی اہم ذرائع' سے معلومات ملی ہیں جن کے مطابق ایران میں مظاہرین کی ہلاکتیں رک گئی ہیں اور مظاہرین کی سزائے موت پر عمل درآمد نہیں کیا جا رہا۔ اس بیان کو اس بات کا اشارہ سمجھا گیا کہ صدر ٹرمپ ایران پر ممکنہ امریکی حملے سے پیچھے ہٹ رہے ہیں۔ تاہم امریکی اخبار کی رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ گزشتہ سال جون میں بھی صدر ٹرمپ نے اسی نوعیت کا مبہم اشارہ دیا تھا حالانکہ اس وقت وہ ایران پر حملے کا فیصلہ تقریباً کر چکے تھے۔ ایک سینئر امریکی عہدیدار نے بتایا کہ صدر ٹرمپ نے فوجی کمانڈرز کی جانب سے پیش کردہ فوجی آپشنز کو مکمل طور پر مسترد نہیں کیا ہے اور حملے کا فیصلہ اس بات پر منحصر ہوگا کہ ایرانی سیکیورٹی ادارے ملک گیر احتجاج کے معاملے پر آگے کیا اقدام کرتے ہیں۔ اس معاملے پر وائٹ ہاؤس نے تبصرہ کرنے سے انکار کردیا، جبکہ اسرائیلی وزیرِاعظم کے دفتر کی جانب سے بھی فوری طور پر کوئی بیان جاری نہیں کیا گیا۔ دوسری جانب برطانوی اخبار دی ٹیلی گراف نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران پر حملے کا فیصلہ آخری لمحوں میں تبدیل کیا۔ دی ٹیلی گراف کی رپورٹ کے مطابق یہ تبدیلی خلیجی ملکوں کی سفارتی کوششوں کے باعث عمل میں آئی۔

# غزہ میں چوبیس گھنٹوں کے دوران 14 فلسطینی شہید، 18 زخمی



غزہ: غزہ کی پٹی میں وزارتِ صحت نے بتایا ہے کہ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران قابض اسرائیل کی مسلسل جارحیت اور سیز فائر کی کھلی خلاف ورزیوں کے نتیجے میں چودہ فلسطینی شہداء کی میتیں ہسپتالوں تک پہنچائی گئیں، جن میں بارہ نئے شہداء شامل ہیں جبکہ دو شہداء کی لاشیں ملبے سے نکالی گئیں، اس کے علاوہ اٹھارہ شہری زخمی ہوئے۔

وزارت صحت نے اپنے بیان میں واضح کیا کہ اب بھی متعدد شہداء اور زخمی ملبے تلے اور سڑکوں پر پڑے ہیں، تاہم ایمبولینس اور سول ڈیفنس کی ٹیمیں قابض اسرائیل کی رکاوٹوں اور شدید خطرات کے باعث تاحال ان تک پہنچنے سے قاصر ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ 11 اکتوبر سے نافذ سیز فائر کے بعد اب تک شہداء کی تعداد 463 تک پہنچ چکی ہے جبکہ ایک ہزار 269 فلسطینی زخمی ہوئے ہیں، اس دوران 712 شہداء کی لاشیں ملبے سے نکالی جا چکی ہیں۔ وزارتِ صحت کے مطابق قابض اسرائیل کے وحشیانہ عدوان کے آغاز یعنی سنہ 2023ء کی سات اکتوبر سے اب تک غزہ کی پٹی میں شہداء کی مجموعی تعداد 71 ہزار 455 ہو چکی ہے جبکہ ایک لاکھ 71 ہزار 347 فلسطینی زخمی ہوئے ہیں، جو قابض صہیونی دشمن ریاست کی منظم نسل کشی اور سفاکیت کا ناقابلِ تردید ثبوت ہے۔

## آئندہ مرحلے کے لیے تیار ہیں، صومالی لینڈ میں کسی بھی صہیونی موجودگی کو نشانہ بنائیں گے: عبدالملک الحوثی



صنعا: یمن میں تحریک انصار اللہ کے قائد عبدالملک الحوثی نے کہا ہے کہ ان کی جماعت قابض اسرائیل کی نقل و حرکت کی مسلسل نگرانی اور تعاقب کر رہی ہے اور صومالی لینڈ میں نگرانی کی صلاحیتوں کو مزید مضبوط بنانے پر کام جاری ہے۔

انہوں نے ایک ٹیلی وژن خطاب میں واضح کیا کہ انصار اللہ صومالی لینڈ میں قابض اسرائیل کی کسی بھی مستقل موجودگی کو نشانہ بنانے میں سنجیدہ ہے خواہ وہ عسکری اڈہ ہو یا کوئی اور مقام۔ انہوں نے زور دیا کہ تحریک کسی بھی دستیاب صہیونی موجودگی کے خلاف عسکری کارروائی سے ہرگز گریز نہیں کرے گی۔ اسی تناظر میں عبدالملک الحوثی نے امریکی پالیسیوں پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ عالمی سطح پر امریکہ کا طرزِ عمل طغیان، استکبار اور ظلم پر مبنی ہے جسے انہوں نے کھلا ہوا اور بے نقاب قرار دیا۔ انہوں نے وینز ویلا کے خلاف امریکی جارحیت اور صدر نکولس مادورو اور ان کی اہلیہ کو اغوا کرنے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس کا مقصد ملک کی دولت کو لوٹنا ہے۔

قائد انصار اللہ نے کہا کہ علاقائی اور عالمی سطح پر ہونے والی پیش رفت اس بات کا ثبوت ہے کہ فلسطینی عوام کی حمایت اور نصرت میں یمنی عوام کا مؤقف اور عملی کردار بالکل درست ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس مؤقف کو یمن کے اندر وسیع عوامی تائید حاصل ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ انصار اللہ تحریک موجودہ مرحلے میں آئندہ مرحلے کی تیاری کے عنوان کے تحت آگے بڑھ رہی ہے اور ان کے بقول قابض اسرائیل اور امریکہ کے ساتھ تصادم ناگزیر ہے خواہ وہ براہِ راست ہو یا ان کے ذریعے متحرک کیے گئے آلہ کاروں کے ذریعے ہو۔

# غزہ میں اسرائیلی بمباری سیز فائر معاہدے کی کھلی توہین اور سنگین خلاف ورزی ہے: حماس



غزہ: اسلامی تحریک مزاحمت 'حماس' نے کہا ہے کہ قابض اسرائیل کی جانب سے وسطی غزہ کے علاقے دیر البلح میں الحولی خاندان کے گھر پر کیا گیا نیا حملہ ایک سنگین اور کھلی خلاف ورزی ہے جو سیز فائر معاہدے کی مسلسل پامالی کو ثابت کرتا ہے۔ حماس نے اس امر پر زور دیا کہ قابض اسرائیل اس معاہدے کی پاسداری نہیں کرتا بلکہ دانستہ طور پر اسے سبوتاژ کرنے کی کوششوں میں مصروف ہے تاکہ غزہ کی پٹی میں فلسطینی عوام کے خلاف دوبارہ نسل کش جنگ کا آغاز کیا جاسکے۔

حماس نے جمعرات کی شام جاری کردہ بیان میں واضح کیا کہ یہ گھناؤنا جرم اور غزہ کی پٹی کے مختلف علاقوں میں جاری مسلسل جارحیت اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ جنگی مجرم بنجمن نیتن یاہو سیز فائر معاہدے کو حقیر جانتا ہے جو امریکی سرپرستی اور ثالثوں کی ضمانت کے تحت طے پایا تھا۔

حماس نے مطالبہ کیا کہ قابض اسرائیل کو سیز فائر معاہدے پر عمل درآمد کا پابند بنایا جائے اور اس کی تمام شقوں پر مکمل طور پر عمل کیا جائے جس میں معاہدے کے دوسرے مرحلے میں منتقلی بھی شامل ہے۔

حماس نے اس بات پر زور دیا کہ اس کے لیے اس جرم اور دیگر تمام جرائم کی واضح مذمت ضروری ہے اور ثالثوں کو مؤثر اور عملی کردار ادا کرتے ہوئے قابض اسرائیل کو معاہدے کا احترام کرنے پر مجبور کرنا چاہیے اور اسے معاہدہ ناکام بنانے کی اجازت نہیں دی جانی چاہیے۔

میدانی صورتحال کے تناظر میں جمعرات کے روز قابض اسرائیل کی بمباری اور فائرنگ کے نتیجے میں وسطی اور جنوبی غزہ کی پٹی کے مختلف علاقوں میں سات فلسطینی شہید اور دو دیگر زخمی ہو گئے۔ قابض فوج نے دیر البلح کیمپ میں شہر کے مغرب میں الحولی خاندان کے ایک گھر کو میزائلوں سے نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں عمارت مکینوں پر گر گئی اور چار شہری شہید اور درجنوں زخمی ہو گئے۔ اس دوران ایمبولینس اور سول ڈیفنس کے عملے نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر شہداء کی لاشیں نکالیں اور زخمیوں کو منتقل کیا۔


غزہ کی پٹی کے جنوب میں رفح شہر کے المواصی علاقے کے جنوب میں واقع العلم چوک کے قریب قابض فوج کی فائرنگ سے دو فلسطینی شہید ہو گئے تاہم علاقے کی خطرناک صورتحال کے باعث ان کی لاشوں تک رسائی ممکن نہ ہو سکی۔

اس سے قبل آج کے روز شمالی غزہ کی پٹی میں بلدہ جبالیا کے ان علاقوں میں جہاں سے قابض فوج پسپا ہوئی تھی ایک فلسطینی بچی قابض فوج کی گولی کا نشانہ بن کر زخمی ہو گئی۔ یہ واقعہ اس سیز فائر معاہدے کے باوجود پیش آیا جو دسویں اکتوبر سے نافذ العمل ہے۔

یہ تمام واقعات اس وقت سامنے آئے ہیں جب قابض اسرائیل کی فوج مسلسل ستانوےویں روز بھی غزہ کی پٹی پر مسلط جارحانہ جنگ کے خاتمے اور سیز فائر معاہدے کی خلاف ورزیاں جاری رکھے ہوئے ہے اور گھروں اور رہائشی عمارتوں کی مسماری کے ساتھ توپ خانے اور فضائی بمباری کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ غزہ کی پٹی پر قابض اسرائیل کی جارحانہ جنگ جو سات اکتوبر سنہ 2023ء کو شروع ہوئی تھی اس کے خاتمے اور سیز فائر کا معاہدہ عرب اور امریکی ثالثی کے نتیجے میں دس اکتوبر سنہ 2025ء کو نافذ ہوا۔

اسی تناظر میں مصر قطر اور ترکیہ نے گزشتہ بدھ کی شام ایک مشترکہ بیان میں اعلان کیا کہ غزہ کی پٹی کے انتظام کے لیے قائم کی جانے والی فلسطینی ٹیکنوکریٹ کمیٹی کی تشکیل مکمل ہو چکی ہے جس کی سربراہی علی شعث کر رہے ہیں۔ بیان میں اس اقدام کو استحکام کے قیام اور غزہ کی پٹی میں انسانی حالات کی بہتری کے لیے ایک اہم پیش رفت قرار دیا گیا۔

# اسرائیلی جیل سے رہائی کے تین دن بعد فلسطینی صحافی مجاہد بنی مفلح انتہائی نگہداشت میں داخل



غزہ: اسرائیلی جیل سے رہا ہونے والے اسیر صحافی مجاہد بنی مفلح دماغ میں شریان پھٹنے کے باعث ہونے والے شدید دماغی ہیمرج کے نتیجے میں دماغ کی ایک نہایت حساس اور پیچیدہ جراحی کے لیے ہسپتال منتقل کیے گئے ہیں۔ ان کے بھائی نے تصدیق کی ہے کہ جراحی کامیاب رہی تاہم مجاہد اس وقت سخت طبی نگرانی میں کومہ کی حالت میں انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں زیر علاج ہیں۔

انہوں نے بتایا کہ قابض اسرائیلی جیلوں سے مجاہد کی رہائی کو ابھی صرف تین دن ہی گزرے تھے اور اسیر رہائی کے لمحے سے ہی شدید سانس کی تنگی میں مبتلا تھے۔ ان کے مطابق بلڈ پریشر میں خطرناک حد تک اضافے کے باعث دماغی ہیمرج ہوا۔

انہوں نے مزید کہا کہ قابض اسرائیل نے مجاہد کو گزشتہ سال کے وسط میں گرفتار کیا تھا اور دورانِ قید انہیں کسی قسم کی مناسب طبی سہولت فراہم نہیں کی گئی حالانکہ وہ پہلے ہی ٹائپ ٹو ذیابیطس کے مریض تھے اور گرفتاری سے قبل باقاعدگی سے علاج کروا رہے تھے۔ اس کے علاوہ انہیں شدید تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور مناسب اور کافی خوراک سے بھی محروم رکھا گیا۔

ادھر کلب برائے اسیران فلسطین نے بلدیہ بیتا جنوب نابلس سے تعلق رکھنے والے صحافی مجاہد بنی مفلح کی سنگین طبی حالت کی مکمل اور براہ راست ذمہ داری قابض اسرائیل کی حکومت پر عائد کی ہے۔ کلب نے واضح کیا کہ مجاہد کو اس حالت میں رہا کیا گیا جب وہ تشدد طبی جرائم اور بھوک کے اثرات جھیل رہے تھے۔ کلب برائے اسیران نے اپنے بیان میں کہا کہ رہائی کے محض تین دن بعد مجاہد کو شدید طبی عارضے کا سامنا کرنا پڑا جس کے باعث دماغ میں فوری جراحی ناگزیر ہو گئی۔ کلب نے زور دیا کہ یہ کوئی انفرادی واقعہ نہیں بلکہ قابض اسرائیلی جیل نظام میں جاری منظم جرائم کا تسلسل ہے۔

کلب نے اس بات پر بھی زور دیا کہ فلسطینی عوام کے خلاف جاری نسل کش جنگ کے آغاز کے بعد سے قابض اسرائیل کی جیلیں سست روی سے قتل کے مراکز میں تبدیل ہو چکی ہیں جہاں منظم تشدد طبی جرائم اور اجتماعی انتقامی پالیسیاں نافذ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ تر رہا ہونے والے اسیران جسمانی اور نفسیاتی طور پر تباہ حال حالت میں جیلوں سے باہر آتے ہیں۔


اسی تناظر میں فلسطینی صحافیوں اور انسانی حقوق کے کارکنوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر مجاہد بنی مفلح کی بگڑتی صحت پر شدید ردعمل کا اظہار کیا۔ انہوں نے چند ہی دنوں میں اس حالت تک پہنچنے پر صدمے کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ قابض اسرائیل کی جیلوں میں جاری تشدد اور دانستہ طبی غفلت کی اصل تصویر ہے۔ صحافی صہیب العصا نے لکھا کہ بنی مفلح تشدد کے نتیجے میں جسم کے ہر حصے میں گہرے زخموں کے ساتھ جیل سے باہر آئے اور انہیں اپنی ادویات لینے سے بھی روکا گیا۔

کارکنوں نے کہا کہ مجاہد بنی مفلح کا معاملہ اس تلخ حقیقت کی ایک اور گواہی ہے کہ رہائی کا مطلب نجات نہیں ہوتا کیونکہ جیل کے اثرات اسیران کا پیچھا رہائی کے بعد بھی کرتے رہتے ہیں جو قابض اسرائیل کی جیلوں میں جاری طبی غفلت کا براہ راست نتیجہ ہے۔

کلب برائے اسیران نے اس امر پر بھی زور دیا کہ صحافی ماضی میں بھی اور آج بھی سب سے زیادہ نشانہ بننے والے طبقوں میں شامل ہیں۔ ان کے خلاف انتقامی اور منظم گرفتاریوں کے ساتھ ساتھ براہ راست قتل کی کارروائیاں بھی کی گئیں جو جاری نسل کش جنگ کے دوران عروج پر پہنچ چکی ہیں۔ کلب کے مطابق جارحیت کے آغاز سے اب تک صحافیوں کی گرفتاری کے 217 واقعات ریکارڈ کیے جا چکے ہیں۔

## سیز فائر کی خلاف ورزیوں کے دوران قابض اسرائیل کے مشرقی لبنان میں فضائی حملے

غزہ: قابض اسرائیلی فوج نے مشرقی لبنان کے علاقے بقاع الغربی میں مختلف مقامات کو فضائی حملوں کا نشانہ بنایا۔ لبنانی ذرائع نے بتایا کہ قابض اسرائیل کے دو ڈرون طیاروں نے بقاع کے علاقے میں واقع سحمر اور مشغرا کی بلدات میں اہداف پر حملے کیے۔ ذرائع کے مطابق ڈرون طیاروں نے بلدہ سحمر میں دو عمارتوں کو نشانہ بنایا جن کی نوعیت تاحال واضح نہیں ہو سکی۔



حملوں کے بعد لبنانی فوج کی دو گشت ٹیمیں نقصانات کا جائزہ لینے کے لیے متاثرہ مقامات کی جانب روانہ ہوئیں۔ اس سے قبل قابض اسرائیلی فوج نے مغربی بقاع کے علاقے سحمر میں دو رہائشی عمارتوں کو نشانہ بنانے کی دھمکی دی تھی۔ اسی تناظر میں قابض اسرائیلی فوج نے مشرقی لبنان کے مغربی بقاع میں واقع بلدہ مشغرا میں حزب اللہ کے اہداف پر بمباری کے ارادے کا اعلان بھی کیا۔ یہ خطرناک جارحیت قابض اسرائیل کی جانب سے حزب اللہ کے ساتھ طے پانے والے سیز فائر معاہدے کی مسلسل اور کھلی خلاف ورزیوں کے سلسلے کی ایک کڑی ہے جو نافذ العمل ہو چکا ہے۔ ان حملوں کے ساتھ ساتھ قابض اسرائیل اپنے جنگی اور ڈرون طیاروں کی جنوبی لبنان کی فضاؤں میں مسلسل پروازیں جاری رکھے ہوئے ہے جبکہ گزشتہ جنگ کے دوران قبضے میں لی جانے والی پانچ سرحدی پہاڑیوں پر اس کا ناجائز قبضہ بدستور برقرار ہے جو خطے کے امن کے لیے ایک مستقل خطرہ بنا ہوا ہے۔

